No. of Printed Pages : 8

BUDC-103

B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

Term-End Examination

June, 2024

BUDC-103 : Study of Modern Urdu Nazm

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

۱۔ جدید اردو نظم کے موضوع، ہیئت اور اقسام پر مفصل روشنی ڈالئے۔

یا

اخترالایمان کی حیات و ادبی خدمات پر گفتگو کرتے ہوئے ان کی نظم نگاری کا جائزہ لیجئے۔

۲۔ جدید اردو نظم کے فن اور خصوصیات سے بحث کیجئے۔

یا

اکبرالہ آبادی کی نظم نگاری پر مفصل مضمون تحریر کیجئے۔

۳۔ علامہ اقبال کی حیات و ادبی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی نظم نگاری پر مفصل اظہار خیال کیجئے۔

یا

مخدوم محی الدین کی حیات و ادبی خدمات اور ان کی نظم نگاری کے حوالے سے تفصیلی نوٹ لکھئے۔

۴۔ میراجی کی حیات و ادبی خدمات بیان کرتے ہوئے ان کی نظم نگاری کی امتیازی خصوصیات سے بحث کیجیے۔

یا

پنڈت برج نارائن چکبست کی حیات و ادبی خدمات پر گفتگو کرتے ہوئے ان کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۵۔ درج ذیل نظم کے متن کا حوالہ دیتے ہوئے تجزیہ کیجیے۔

سلیماں سربہ زانو اور سبا ویراں
سبا ویراں، سبا آسیب کا مسکن

سبا آلام کا انبار بے پایاں !

گیا وہ سبزہ و گل سے جہاں خالی

ہوائیں تشنۂ باراں

طیور اس دشت کے منقار زیرِ پر

تو سرمہ در گلو انساں

سلیماں سر بہ زانو اور سبا ویراں!

سلیماں سر بہ زانو، ترش رو، غم گیں، پریشاں مو

جہاں گیری، جہاں بانی فقط طرارۂ آہو

محبت شعلۂ پرّاں، ہوس بوئے گلِ بے بو

زرازِ دہر کم تر گو!

سبا ویراں کہ اب تک اس زمیں پر ہیں

کسی عیار کے غارت گروں کے نقش یا باقی

سبا باقی، نہ مہروے سبا باقی!

سلیماں سر بہ زانو

اب کہاں سے قاصدِ فرخندہ پے آئے؟

کہاں سے کس سبو سے کاسۂ پیری مے آئے؟

یا

درج ذیل نظم کے متن کا حوالہ دیتے ہوئے تجزیہ کیجیے۔

ایک چنبیلی کے منڈوے تلے

مے کدے سے ذرا دور اس موڑ پر

دو بدن

پیار کی آگ میں جل گئے

پیار، حرف وفا

پیار، ان کا خدا

پیار، ان کی چتا

دو بدن

اوس میں بھیگتے، چاندنی میں نہاتے ہوئے

جیسے دو تازہ رو، تازہ دم پھول پچھلے پہر

ٹھنڈی ٹھنڈی سُبک رَو چمن کی ہوا

صرف ماتم ہوئی

کالی کالی لٹوں سے لپٹ، گرم رُخسا پر

ایک پل کے لیے رُک گئی

ہم نے دیکھا انھیں

دن میں اور رات میں

نور و ظلمات میں

مسجدوں کے مناروں نے دیکھا انہیں

مندروں کے کواڑوں نے دیکھا انھیں

مے کدے کی دراڑوں نے دیکھا انہیں

اَزل اَزل تا اَبد

یہ بتا چارہ گر!

تیری زنبیل میں

نسخۂ کیمیائے محبت بھی ہے؟

کچھ علاج و مداوا اُلفت بھی ہے؟

اک چنبلی کے منڈوے تلے

مے کدے سے ذرا دور اس موڑ پر

دو بدن

چارہ گر!